از دفتر

# انسپکٹر جنرل آف پولیس گلگت بلتستان گلگت

نمبری۔ آئی جی پی-2(8)/ایم ٹی او/ 8496-97 /2026 تاریخ 17 جولائی،2026

## ٹینڈر نوٹس

گلگت بلتستان پولیس ڈیپارٹمنٹ کیلئے مالی سال 2026-27 کے لیے سی پی او گاڑیوں (چار/دو پہیوں والی) کی مرمت/دیکھ بھال اور اسپیئر پارٹس کی فراہمی کے لیے گلگت بلتستان پبلک پروکیورمنٹ رولز (GB PPRA)2022 کی بنیاد پر معروف اور مالی طور پر مستحکم فرموں سے، جن کا سابقہ تجربہ ہو اور سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ ہوں، سربمہر بولیاں مطلوب ہیں۔ بولیاں اے آئی جی پولیس لاجسٹکس، سینٹرل پولیس آفس (سی پی او)، پولیس ڈیپارٹمنٹ گلگت کے نام پر بھیجی جائیں اور 07 اگست 2026 کو دوپہر 11:00 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اسی دن 11:30 بجے سی پی او، کے آئی یو روڈ، کونوداس گلگت میں کھولی جائیں گی۔ ٹینڈر نوٹس PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.gov.pk) پر بھی دستیاب ہے۔

2۔ تکنیکی بولیاں مذکورہ بالا تاریخ اور وقت پر ٹھیکیداروں/سپلائرز یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں سینٹرل پولیس آفس گلگت میں کھولی جائیں گی۔ مالی تجاویز (سربمہر حالت میں) پولیس ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں رہیں گی اور تکنیکی تشخیص کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد، اہل بولی دہندگان کی موجودگی میں کھولی جائینگی۔ تکنیکی طور پر اہلیت کی حامل فرموں میں سے کم قیمت مگر معیاری بولی قبول کی جائے گی۔ تکنیکی طور پر ناقابل قبول پائی جانے والی مالی تجاویز متعلقہ بولی دہندہ کو قواعد کے تحت بغیر کھولے واپس کر دی جائیں گی۔

3۔ بولیاں "Single Stage Two Envelope طریقہ کار" کے تحت جی بی-PPRA-2022 کے شق 39(ب) کے مطابق وصول کی جائینگی۔ بولیوں میں علیحدہ علیحدہ "مالی تجاویز" اور "تکنیکی تجاویز" جس میں مندرجہ ذیل دستاویزات/معلومات شامل ہونی چاہیے۔

i) تکنیکی تجاویز (بولی کے دستاویزات، ارنسٹ منی، سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ وغیرہ)

ii) مالی تجاویز (متعلقہ آئٹم کی شرح بشمول فرم کے لیٹر ہیڈ پر تمام ٹیکسز/چارجز۔ quoted rates کو پاکستانی روپے میں اور تمام ٹیکسز/ڈیوٹیز/چارجز سمیت سمجھا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندگان کام/فراہم کردہ اشیاء کی لاگت کے 10% کے برابر کارکردگی کی گارنٹی کال ڈپازٹ/شیڈول بینک کی بینک گارنٹی کی صورت میں اے آئی جی پولیس لاجسٹکس، سینٹرل پولیس آفس (سی پی او)، گلگت بلتستان، گلگت کے حق میں پیشگی مخصوص مدت کے اندر جمع کرائیں گے۔ معاہدے کی کامیاب تکمیل پر معاہدے کی مذکورہ گارنٹی مالی سال کے اختتام پر حسب ضوابط واپس کر دی جائے گی۔

5۔ خواہشمند فرموں کو بولی کے دستاویزات، جس میں شرائط وضوابط اور تشخیصی معیار وغیرہ شامل ہیں، اے آئی جی پولیس لاجسٹکس، سینٹرل پولیس آفس (سی پی او)، کے آئی یو روڈ کونوداس، گلگت کے دفتر سے بدوران دفتری اوقات کار، فرم کے لیٹر ہیڈ پر تحریری درخواست دستی صورت میں جمع کرنے کی ضرورت ہے۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ جی بی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر SOFF-3/Revenue/2022-23(F&A) مورخہ 13 مئی 2025 کے مطابق، ٹینڈر دستاویزات حاصل کرنے کے لیے ایم ٹی برانچ سی پی او میں 8000/- روپے (آٹھ ہزار روپے صرف) کی رقم جمع کرنی ہوگی۔ کسی بھی ناگزیر وجوہ یا عام تعطیل کی صورت میں، ٹینڈر وصول کرنے اور کھولنے کی تاریخ کا تقرر اگلے دن عمل میں لایا جائیگا۔

6۔ بولی دہندگان کو اے آئی جی پولیس لاجسٹکس، سینٹرل پولیس آفس (سی پی او)، گلگت کے نام پر شیڈول بینک سے 600,000/- روپے (چھ لاکھ روپے صرف) کا کال ڈپازٹ بطور سیکیورٹی منسلک کرنا ضروری ہے۔ کال ڈپازٹ/سیکیورٹی کے بغیر بولی/بولیاں قبول نہیں کی جائینگی۔

(محسن خان)
اے آئی جی پولیس لاجسٹکس
سی پی او جی بی، گلگت